S-1

BMC EDUCATION DEPARTMENT

Preliminary Exam (2022-23) **URDU** KUMARBHARTI FIRST LANGUAGE

STD : 10TH MM : 80

سرگرمی نامے کے لیے ہدایات

1۔ سرگرمی نامے میں دی ہوئی ہدایات کے مطابق تفہیمی جانچ پر شکلی، شجری، اور رواں خاکے پین سے ہی بنائیں۔

2۔ اطلاقی تحریری مہارت کے حصے میں خاکے، تصاویر، تزئین کاری کے نمبرات نہیں ہیں۔

3۔ خوشخطی اور صفائی کا خیال رکھیں۔

حصہ 1– نثر : کل 18 نمبرات

1-(الف) درج ذیل درسی اقتباس کا بغور مطالعہ کر کے دی ہوئی سرگرمیاں ہدایات کے مطابق مکمل کیجیے: 7

1۔ شکلی خاکہ مکمل کیجیے: 2



مولانا حسرتؔ موہانی کی شخصیت میں کوئی ایسی دلفریبی نہیں تھی کہ جو پہلی بار ملے، گرویدہ ہو جائے لیکن جن خوش نصیبوں کو انھیں قریب سے دیکھنے کا موقع ملا، وہ ان کی عظمت کے قائل ہوئے بغیر نہیں رہ سکے۔ مولانا ان لوگوں میں سے تھے جو آنے والی نسلوں کی رہنمائی کے لیے وقت کے ریگزار پر اپنے قدموں کے نشان چھوڑ جاتے ہیں۔ ان کی زندگی فقر واستغنا اور ایثار و خلوص کا بے نظیر مجموعہ تھی۔

حسرتؔ علی گڑھ میں زیرِ تعلیم تھے کہ تحریکِ آزادی سے وابستہ ہو گئے۔ اس جرم میں تین بار کالج سے نکالے گئے، کئی بار قیدِ بامشقت کی سزا بھگتی اور ایک ایک دن میں من من بھر آٹا پیسا۔ تحریک حمایت میں انھوں نے ایک رسالہ 'اردوئے معلیٰ' جاری کیا تھا جسے بے باکی اور صاف گوئی کی پاداش میں بند کرنا پڑا۔ پریس اور کتب خانہ ضبط ہوا۔ مضامین کے مسوّدات ان کی آنکھوں کے سامنے نذرِ آتش کئے گئے۔ کالج کی حدود میں داخلہ ممنوع ہو گیا تو شہر میں کرایے کا مکان اور سودیشی تحریک کو فروغ دینے کے لیے 'سودیشی اسٹور' کھول لیا جس کا کالج کے اسٹاف اور طلبہ کی جانب بائیکاٹ کیا گیا۔

KHAN'S ACADEMY

جیل گئے تو گزراوقات کے لیے ان کی بیوی نے دکان پر بیٹھ کر کپڑا بیچا اور کسی نے مالی مدد کرنا چاہی تو یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ حسرتؔ صاحب نے کسی کا سہارا لینا گوارا نہیں کیا تو میں یہ مدد کیسے قبول کرلوں؟ جیل ہی میں تھے کہ بیٹا بیمار پڑا، حالت بگڑی اور دنیا سے رخصت بھی ہو گیا مگر حکام نے باپ کو مطلع کرنا بھی ضروری نہ سمجھا۔ بہت دن بعد جب اس جاں کاہ حادثے کی اطلاع ملی تو حسرتؔ صرف آہ بھر کر رہ گئے۔

(1) تحریکِ آزادی سے وابستہ ہونے پر حسرتؔ کو کون کون سی تکالیف کا سامنا کرنا پڑا؟ 2

(2) حسرتؔ کی زندگی سادگی، خلوص، ایثار، جدوجہد کا نمونہ تھی۔ انہی خوبیوں، اوصاف کی زندگی میں اہمیت پر اپنی رائے کا اظہار کیجیے۔ 3

(ب) درج ذیل درسی اقتباس کا بغور مطالعہ کر کے دی ہوئی سرگرمیاں ہدایات کے مطابق مکمل کیجیے: 7

(1) شجری خاکہ مکمل کیجیے:



القصہ ایک رات دل بادشاہ کماچ، طنبور، قانون، عود منگا کر، مطرباں خوش سرور بلا کر مجلس کیا۔ ارکانِ دولت، ندیم، قصہ خواں، خوش طبعاں، لطیفہ گویاں، حاضر جواباں، گل رویاں، خوش خویاں سب حاضر تھے۔ بارے اس وقت یکایک عین مستی میں، فراغ دستی میں، اس کمال ہستی میں، ایک قدیم ندیم، بھوت لطافت سوں، بھوت فصاحت سوں، بھوت بلاغت سوں، بات کا سر رشتہ کاڑ کر، ایک تازے آبِ حیات کا قصہ پڑیا۔ ولے پڑتے وقت اس قصے کی مستی چڑی، سو آپے بی ٹک گر پڑیا۔ دل کھولیا، بات سنیا تھا سو بولیا کہ جو کُیو آبِ حیات کو پیوے گا، دوسرا خضر ہووے گا۔ اس جگ میں سدا جیوے گا۔ دنیا میں جیونا اُسیچ کا ہے۔ جو کُیو آبِ حیات پیانیں، تو دنیا عبث آیا۔ کیا لذت دیکھیا، کچھ نیں کیا۔ عبث جیا۔ جس کے دل میں یو نیں طمع، کیا جیونا اس کا، کس جیونے میں جمع۔ جس کے آبِ حیات سوں تر ہوئیں گے لب، حیران ہووے گا، تماشا دیکھے گا عجب عجب۔ اس آبِ حیات کی بات کا اثر بھوت وھاں سوں دل بادشاہ کے سر چڑیا۔ دل بادشاہ اس آبِ حیات کی بات پر مطلق عاشق ہوا، بیتاب ہو پڑیا۔ دل بھوتچ طالب ہوا۔ اشتیاق غالب ہوا۔ بات سنتے اس حال کو انپڑیا، عاشق تھا بچارا اَپچ سنپڑیا۔

NS2848ED-BMPP-58763-2022-23-4388 COPIES

KHAN'S ACADEMY

(2) اقتباس میں بیان کی گئی آبِ حیات کی خوبیاں تحریر کیجیے۔ 2

(3) آبِ حیات کے متعلق آپ کے خیالات اپنے الفاظ میں بیان کر کے اپنی رائے کا اظہار کیجیے۔ 3

1-(ج) درج ذیل غیر درسی اقتباس کا بغور مطالعہ کر کے دی ہوئی سرگرمیاں ہدایات کے مطابق مکمل کیجیے: 4

(1) خاکہ مکمل کیجیے: 2



آدمی کتنا ہی نیک ہو، دوسروں کے ہر دم برا کہنے سے جی دکھتا ہے، اس کے دل کو بھی کبھی کبھی بڑی ٹھیس لگتی تھی، جھنجھلاتا تھا، آنکھوں میں آنسو بھر بھر آتے تھے مگر پھر صبر کر لیتا تھا۔ اس کے پاس ایک خوبصورت کتاب تھی۔ چکنا چکنا موٹا کاغذ، نیلے کپڑے کی سبک سی جلد، پشتے پر سنہرے حرفوں میں لکھا ہوا "حسابِ امانت" اس کتاب میں یہ اپنا پیسے پیسے کا حساب لکھا کرتا تھا۔ جن کو کبھی کچھ دیا تھا، سب اس میں درج تھا۔ کہیں کہیں کیفیت کے خانے بڑی دلچسپ باتیں لکھی تھیں۔ یہ سب بعد کو لکھی گئی تھیں۔ کسی یتیم کو پڑھنے کے لیے وظیفہ دیا ہے۔ 15 سال بعد کی تاریخ دے کر کیفیت کے خانے میں درج ہے، اب احمد آباد میں ڈاکٹر ہیں اور وہاں کے یتیم خانے کے ناظم۔ کتابوں کے ایک کاروباری کو سخت پریشانی کے زمانے دو ہزار کی روپے دیے ہیں، کئی سال بعد کیفیت کے خانے میں لکھا ہے کہ آج خط آیا ہے کہ انہوں نے رسولِ اکرم ﷺ کی سیرت پاک نہایت صاف اور سادہ زبان میں لکھوا کر ایک لاکھ نسخے طلبہ میں مفت تقسیم کیے ہیں۔ خدا جزائے خیر دے۔

2۔ آدمی کتنا ہی نیک ہو، دوسروں کے ہر دم برا کہنے سے جی دکھتا ہے۔ اس جملے پر اپنی رائے تحریر کیجیے۔ 2

حصہ 2 — نظم : کل 16 نمبرات

2۔(الف) درج ذیل درسی نظم کا بغور مطالعہ کر کے دی گئی سرگرمیاں ہدایات کے مطابق مکمل کیجیے۔ 6

(1) دیے گئے لفظوں کے نظم کے اشعار سے ہم معنی الفاظ تلاش کر کے شکلی خاکہ مکمل کیجیے:

	مرض بیماری	بھیس، حلیہ	
	دوستی	محبت کی صورت	

نفرت ایک آزار ہے ،پیارے
آجا،اپنے روپ میں آجا
یہ ہارا تو سب کچھ ہارا

دکھ کا دارو پیار ہے، پیارے
تو ہی پریم اوتار ہے ، پیارے
من کے ہارے ہار ہے،پیارے

من کے ہارے ہار ہے ، پیارے
من کے جیتے جیت
بسالے اپنے من میں پریت

دیکھ ،بڑوں کی ریت نہ جائے
میں ڈرتا ہوں، کوئی تیری
جو کرنا ہے ، جلدی کرلے

سر جائے پر میت نہ جائے
جیتی بازی جیت نہ جائے
تھوڑا وقت ہے ، بیت نہ جائے

تھوڑا وقت ہے بیت نہ جائے
وقت نہ جائے بیت
بسالے اپنے من میں پریت

NS2848ED-BMPP-58763-2022-23-4388 COPIES

(2) نظم میں شاعر نے بڑوں کی ریت اور جس ڈر کا اظہار کیا ہے۔ اسے اپنے الفاظ میں لکھیے۔ 2

(3) نفرت اک آزار ہے پیارے دکھ کا دارو پیار ہے پیارے (تشریح کیجیے) 2

2۔(ب) درج ذیل درسی غزل کا بغور مطالعہ کرکے دی گئی سرگرمیاں ہدایات کے مطابق مکمل کیجیے: **6**

(1) مصرعوں اور قوافی کی جوڑیاں لگائیے: 2

ستون الف	ستون ب
1۔ لانے لگے ہو خوب تغافل کی بانیاں	فشانیاں
2۔ گزری بِرہ کی رات جو مج پر کہانیاں	بانیاں
3۔ کیا خاک میں ملی ہیں مری جاں فشانیاں	نشانیاں
4۔ رہ گئیں مرے جگر میں تمھاری نشانیاں	کہانیاں

اوّل کی تم نے بھول گئے مہربانیاں
لانے لگو ہو خوب تغافل کی بانیاں

کیا ہووے گا ، سنوگے کان دھر کے تم
گزری بِرہ کی رات جو مج پر کہانیاں

دامن تلک بھی ہائے ، مجھے دسترس نہیں
کیا خاک میں ملی ہیں مری جاں فشانیاں

داغِ فراق ، لالہ باغِ خیال ہے
رہ گئیں مرے جگر میں تمھاری نشانیاں

شاید کسی کے قتل کی ہوتی ہے مصلحت
رمزیں تری نگاہ کی سب ہم نے جانیاں

مج دل کے کوہِ طور کو سرمہ کیے ہو تم
باقی ہیں اب تلک بھی وہی لن ترانیاں

کب لگ روا رکھو گے تغافل سراجؔ پر
اب اس قدر بھی خوب نہیں سر گرانیاں

(2) قتل کی مصلحت سے متعلق شاعر کا خیال بیان کیجیے۔ 2

(3) غزل سے مطلع اور مقطع کا شعر تلاش کرکے لکھیے۔ 2

NS2848ED-BMPP-58763-2022-23-4388 COPIES

2۔(ج) درج ذیل شعری اقتباس کا بغور مطالعہ کر کے استحسانِ کلام کی سر گرمیاں ہدایات کے مطابق مکمل کیجیے: 4

(1) خاکہ مکمل کیجیے: 2



غفلت میں گنوا کے صبح کو شام کیا
افسوس ، یہاں آ کے کچھ کام کیا
کس طرح خدا کو منہ دکھاؤں گا ، شادؔ
عقبیٰ کا نہ کچھ ہائے ، سر انجام کیا

(2) شاعر خدا کو منہ دکھانے کے قابل نہیں، وجہ تحریر کیجیے۔ 2

حصہ 3 — اِضافی مطالعہ : کل نمبرات 6

3۔درج ذیل میں سے کوئی دو سر گرمیاں ہدایت کے مطابق مکمل کیجیے: 6

(1) ڈرامے سے اپنے کسی ایک پسندیدہ کردار پر روشنی ڈالیے۔ 3

(2) ابوالحسن کے خود کو امیر المومنین کہنے پر والدہ کی کیفیت اپنے الفاظ میں بیان کیجیے: 3

(3) ۔ ڈرامے میں بیان کردہ مقامات کے نام تحریر کیجیے۔ 3

حصہ 4 — قواعد : کل نمبرات 16

4۔ (الف) ہدایات کے مطابق سر گرمیاں مکمل کیجیے: 10

(1) درج ذیل جملوں میں مفرد، مرکب، اور مخلوط جملے پہچانیے: 2

1۔ ناگ پنچمی کے تہوار پر عورتیں پھگڑی کھیلتی ہیں۔

2۔ حسرت صاحب ہمیں اس پانی میں لے جانا چاہتے ہیں جس کی گہرائی کا ہمیں اندازہ نہیں،،

(2) درج ذیل محاوروں کو اپنے جملوں میں استعمال کیجیے۔ 2

1۔ قصہ پاک ہونا　　2۔ دیا سلائی دکھانا

(3) کہاوتیں مکمل کیجیے: 2

(i) چھوٹا منہ ۔۔۔۔۔۔

(ii) آسمان سے گرا ۔۔۔۔۔۔

(3) درج ذیل کی تعریف کے لیے ایک لفظ لکھیے: 2

(i) خیالات تاثرات کو بے تکلفی کے ساتھ ہلکے پھلکے انداز میں بیان کیا جائے۔

(ii) جس نظم میں امیر، وزیر، بادشاہ کی تعریف و مدح کی جائے۔

(4) درج ذیل شعر کی صنعت کا نام لکھ کر صنعت کی تعریف لکھیے: 2

مج دل کے کوہِ طور کو سرمہ کیے ہو تم　　باقی ہیں اب تلک بھی وہی لن ترانیاں

(ب) ہدایات کے مطابق ذیل کی سرگرمیاں مکمل کیجیے: 6

(1) (i) دیر شام تک وہیں رہے۔ (حرفِ جار پہچان کر لکھیے) 1

(ii) سامنے بیٹھا ہوا شخص آپ کا مدِ مقابل ہے۔ (زیرِ اضافت کا لفظ پہچان کر لکھیے)

(2) دیے گئے جملے میں مضاف اور مضاف الیہ تلاش کر کے لکھیے: 1

(i) ایک درہم میں وہ ٹوکریاں بنانے کے لیے کھجور کے پتے خریدتے۔

(3) درج ذیل الفاظ کے لیے مناسب فقرے لکھیے: 1

(i) حکومت کرنے والا

(ii) ترجمہ کرنے والا

(4) (i) ذیل کے الفاظ کے مترادف الفاظ لکھیے: 1

ضیافت　　مفلس

NS2848ED-BMPP-58763-2022-23-4388 COPIES

(ii) مج ، تا کجا 1

(5) مناسب سابقہ / لاحقہ لگا کر ہر ایک سے ایک ایک بامعنی لفظ بنا کر لکھیے: 1

(i) دان (ii) ناک

حصہ 5 — تحریری اطلاقی سرگرمیاں : کل نمبرات 24

5۔الف خط یا خلاصہ میں سے کوئی ایک سرگرمی مکمل کیجیے: 6

(1) درج ذیل نکات کی بنیاد پر کوئی ایک خط لکھیے:

شجر کاری مہم

❖ درخت لگاؤ ماحول بچاؤ

☆ ہر فرد ایک پودا لگائے

- آلودگی سے حفاظت
- گلوبل وارمنگ کی شدت میں تخفیف

- زیر زمین پانی کی سطح میں اضافہ
- آکسیجن کی فراہمی
- امر ایک فائدے کئی

اپنے علاقے کے میونسپل کمشنر کے نام رسمی خط لکھ کر شجر کاری مہم کے انعقاد کی درخواست کیجیے۔ مزید نکات کا اضافہ کر سکتے ہیں۔

یا

اپنے دوست / سہیلی کو غیر رسمی خط لکھ کر شجر کاری مہم کا حصہ بننے کے تعلق سے بتایئے۔ مزید نکات کا اضافہ کر سکتے ہیں۔

(2) ذیل کے اقتباس کو غور سے پڑھ کر خلاصہ لکھیے۔ 6

جہاں آج نیروبی بسا ہوا ہے وہاں کسی زمانے میں سرسبز و شاداب اور سدا بہار گھنا جنگل تھا۔ اگرچہ اب جنگل میں منگل ہو گیا ہے۔ مگر شادابی اور حسن فطرت کی دل فریبی اب بھی برقرار ہے۔ وثوق سے تو نہیں کہہ سکتا لیکن بر سبیل تذکرہ سنا تھا کہ نیروبی کے معنی "پانی کی جگہ" ہوتے ہیں۔ نیروبی شہر دو حصوں میں منقسم ہے۔ ایک شہری مرکز اور دوسرا مضافاتی علاقے۔ شہری مرکز ایک صاف ستھرا علاقہ ہے جو دفاتر، دکانوں، رہائشی ہوٹلوں، سنیما گھروں وغیرہ پر مشتمل جدید و قدیم عمارتوں کا حسین امتزاج ہے۔ کافی مختصر سا ہے۔ پیادہ پا ایک ڈیڑھ گھنٹے میں پورے علاقے کا گشت لگایا جا سکتا ہے۔ یہاں کی عمارتوں میں ایک جھونپڑی نما کانفرنس ہال اور دوسری اس سے ملحقہ دفاتر کی مینار نما عمارت 'کینیاٹا سینٹر' کافی انوکھی وضع کی اور نمایاں ہیں۔

ب ذیل کی سرگرمیوں میں سے کوئی دو سرگرمیاں 50تا60 الفاظ میں مکمل کیجیے۔ **10**

(1) ذیل کے نکات کی مدد سے اشتہار تیار کیجیے: 5

ضرورت ہے۔۔۔۔۔۔۔ ایک سلائی کاریگر کی۔۔۔۔ تجربہ۔۔۔۔ایماندار۔۔۔۔شرٹ، پینٹ، کوٹ مقامی کو ترجیح۔۔۔۔۔۔مناسب محنتانہ۔۔۔۔۔نماز کی خصوصی چھٹی کی سہولت

(2) ذیل کے نکات کی مدد سے خبر مکمل کیجیے: 5

امیزون کے جنگلات میں آگ۔۔۔نادر اقسام کے جنگلی جانور و پرندے جھلس گئے۔۔۔۔۔قیمتی درخت خاکستر۔۔۔آگ کا تیزی سے پھیلنا۔۔۔۔۔راحت کا کام جاری۔۔۔۔مختلف ممالک کی ٹیمیں پہنچی

(3) ذیل کے نکات کی مدد سے کہانی مکمل کیجیے: 5

ندی میں سیلابی کیفیت۔۔۔۔چیونٹی کو فاختہ کی مدد۔۔۔۔۔ایک شکاری کا فاختہ پر نشانہ لگانا۔۔۔۔۔چیونٹی کی فاختہ کی مدد۔۔۔۔۔۔دونوں میں دوستی

ج ذیل کے عنوانات میں سے کسی ایک پر 100تا120 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے: **8**

(i) میرا پسندیدہ موسم

(ii) تندرستی ہزار نعمت ہے